20094 ـ امریکن یونیورسٹی کی تقریب تقسم اسناد میں شرکت کرنا

سوال

امریکن یونیورسٹی کی تقریب تقسیم اسناد میں شرکت کرنے کا حکم کیا ہے، میں پی ایچ ڈی کا طالب علم ہوں، اور اس سمیسٹر میں فارغ ہو جاؤنگا، اس تقریب میں شرکت کرنا میرے اختیار پر منحصر ہے، لیکن ڈاکٹریٹ کے سٹوڈنٹ اور مشرف کے لیے اس تقریب میں شرکت کرنا اہم ہے، اس تقریب میں شرکت کرنے والے طلباء کے لیے اور تقریب کے لیے مخصوص جبہ اور ٹوپی پہننا ضروری ہے، مجھے اس قسم کے لباس کے متعلق تاریخ معلومات نہیں ہیں.

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب شرکت اختیاری ہے تو پھر آپ اس میں شریك مت ہوں؛ تا کہ اس مخصوص لباس کے پہننے میں کفار کی مشابہت سے بچ سکیں، اور اسی طرح اس تقریب میں جو برائیاں اور خرابیاں ہونگی ان سے بھی بچ سکینگے.

اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان بھی ہے:

ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جس نے بھی کسی قوم سے مشابہت اختیار کی تو وہ انہیں میں سے ہے "

سنن ابو داود حدیث نمبر (4031) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح ابو داود میں اسے صحیح قرار دیا ہے..

واللہ اعلم .